Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

تَرْجَمَةُ الْقُرْاٰنِ الْمَجِيْد

جماعت نہم

LAST HOPE STUDY

سُوْرَةُ السَّجْدَة

Download All Subjects Notes from website www.lasthopestudy.com

مشق

1 درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

i حضرت محمد رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ رات کو سوتے ہوئے تلاوت فرماتے:

(الف) سُوْرَةُ الْقَصَصِ کی (ب) سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن کی
(ج) سُوْرَةُ الْبَقَرَة کی (د) سُوْرَةُ السَّجْدَة کی

ii اللہ تعالیٰ نافرمانوں پر بڑے عذاب سے پہلے بھیجتا ہے:

(الف) من وسلویٰ (ب) راحت
(ج) چھوٹے عذاب (د) شادمانی

iii صبر کرنے والوں اور اللہ تعالیٰ کی آیات پر یقین رکھنے والوں کو بنایا جاتا ہے:

(الف) فرشتہ (ب) صاحبِ ثروت
(ج) صابر (د) رہنما

iv سنّتِ نبوی کے مطابق جمعہ کے دن سُوْرَةُ السَّجْدَة پڑھنی چاہیے:

(الف) فجر کی نماز میں (ب) جمعہ کی نماز میں
(ج) مغرب کی نماز میں (د) عشاء کی نماز میں

v اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری کرنے والے اور نافرمانی کرنے والے نہیں ہو سکتے:

(الف) نرم دل (ب) برابر
(ج) کامیاب (د) ناکام

Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

2 مختصر جواب دیجیے۔

i سُوْرَةُ السَّجْدَةِ کا یہ نام کیوں رکھا گیا؟

ii سُوْرَةُ السَّجْدَةِ کی ایک فضیلت تحریر کیجیے۔

iii سُوْرَةُ السَّجْدَةِ کا خلاصہ لکھیے۔

iv سُوْرَةُ السَّجْدَةِ کے اہم علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔

جوابات

(i) سُوْرَةُ السَّجْدَةِ کا یہ نام کیوں رکھا گیا؟

جواب: سُوْرَةُ السَّجْدَةِ کی آیت پندرہ(15) آیتِ سجدہ ہے، اسی مناسبت سے اس کا نام سُوْرَةُ السَّجْدَةِ ہے۔

(ii) سُوْرَةُ السَّجْدَةِ کی ایک فضیلت تحریر کیجیے۔

جواب: حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰهِ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ جمعہ کے دن نمازِ فجر کی پہلی رکعت میں اکثر سُوْرَةُ السَّجْدَةِ تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ (صحیح بخاری: 1068)

(iii) سُوْرَةُ السَّجْدَةِ کا خلاصہ لکھیے۔

جواب: سُوْرَةُ السَّجْدَةِ کا خلاصہ "اسلام کے بنیادی عقائد توحید، رسالت اور آخرت کا اثبات اور کفار کے اعتراضات کا جواب" ہے۔

(iv) سُوْرَةُ السَّجْدَةِ کے اہم علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔

جواب: سُوْرَةُ السَّجْدَةِ کے دو اہم علمی و عملی نکات:

1 قرآن مجید اس لیے نازل کیا گیا ہے تاکہ لوگوں کو آخرت کے بارے میں خبردار کیا جائے اور سیدھے راستہ کی طرف ہدایت دی جائے۔

2 اللہ تعالیٰ نے اس کائنات کو پیدا کیا اور وہی کائنات کے تمام معاملات کا انتظام سنبھالے ہوئے ہے۔

3 تفصیلی جواب دیجیے۔

i سُوْرَةُ السَّجْدَةِ پر ایک مفصل مضمون تحریر کیجیے۔

جواب: **سُوْرَةُ السَّجْدَةِ کا تعارف:**

سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مکی سورت ہے، اس میں تیس(30) آیات ہیں۔ سُوْرَةُ السَّجْدَةِ کی آیت پندرہ(15) آیتِ سجدہ ہے۔ اسی مناسبت سے اس کا نام سُوْرَةُ السَّجْدَةِ ہے۔

سُوْرَةُ السَّجْدَةِ کے فضائل:

1 سُوْرَةُ السَّجْدَةِ سے حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰهِ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو خاص محبت تھی۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ رات کو اس وقت تک نہ سوتے جب تک سُوْرَةُ السَّجْدَةِ اور سُوْرَةُ الْمُلْكِ کی تلاوت نہ فرما لیتے۔ (الجامع الصغیر: 6903)

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

2 حضرت محمد رَسُوْلُ اللهِ خاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ جمعہ کے دن نمازِ فجر کی پہلی رکعت میں اکثر سُوْرَةُ السَّجْدَة تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ (صحیح بخاری: 1068)

اس سورت کا نام "سُوْرَةُ السَّجْدَة" اور "الٓمّٓ السَّجْدَة" بھی بیان کیا گیا ہے۔

سُوْرَةُ السَّجْدَة کا خلاصہ "اسلام کے بنیادی عقائد توحید، رسالت اور آخرت کا اثبات اور کفار کے اعتراضات کا جواب" ہے۔

سُوْرَةُ السَّجْدَة کے مضامین:

قرآن مجید پر ایمان لانے کی دعوت:

سُوْرَةُ السَّجْدَة میں قرآن مجید پر ایمان لانے کی دعوت دی گئی ہے۔ توحید اور آخرت کے دلائل بیان کیے گئے ہیں۔ منکرین قیامت کے اعتراضات کا جواب دیا گیا ہے۔

نافرمانوں پر عذاب:

اس سورت میں بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نافرمانوں پر بڑے عذاب سے پہلے چھوٹے چھوٹے عذاب بھیجتا ہے تاکہ وہ گناہوں سے باز آجائیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرلیں۔ قیامت کے دن اچھے اور بُرے لوگوں کا کیا انجام ہونے والا ہے اس سورت میں وضاحت سے بتا دیا گیا ہے۔

اس سورت کا مرکزی مضمون:

اس سورت کا مرکزی مضمون یہ ہے کہ اس میں مشرکین کے انکارِ آخرت کے نظریے کا رد کرتے ہوئے مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیے جانے کو ثابت کیا گیا ہے۔

LAST HOPE STUDY

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study